
HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

## اپنے بچوں کی تعلیم اور شادی کی کامیاب منصوبہ بندی

## (ایسا پلان جو بچے کے مستقبل کے لئے کوئی سمجھوتہ نہ کرنے دے)



# ای ایف یو تکافل
# کامیاب مستقبل پلان

(ایجوکیشن اینڈ میرج پلان)

### اضافی اختیاری کنٹری بیوشن (فنڈ ایکسلریشن کنٹری بیوشن):

اگر شریک تکافل کے پاس مزید رقم موجود ہو تو آپ اس رقم کو موجودہ پلان میں شامل کر کے اپنی جمع شدہ رقم میں اور اضافہ کر سکتے ہیں۔ اس یکمشت رقم کو اضافی اختیاری کنٹری بیوشن کہتے ہیں اور اس کو دورانِ مدت پلان میں کسی بھی وقت جمع کروایا جاسکتا ہے۔کم از کم اضافی اختیاری کنٹری بیوشن 20,000 روپے ہے۔

اضافی اختیاری کنٹری بیوشن کی ادائیگیوں کا 100 فیصد منتخب شدہ فنڈ میں یونٹس کی خریداری کے لئے مختص کیا جاتا ہے۔

### مکمل اور جزوی دستبرداری:

دو سال کے مکمل کنٹر بیوسنز ادا کر دئے جانے سے پہلے دستبرداری کی صورت میں ونڈو تکافل آپریٹر کل نقد قدر کے 50 فیصد کے مساوی اضافی وکالۃ الاستثمار فیس چارج کرے گا۔ دستبرداری کے وقت، آپ کو اپنے فنڈ کی کل نقد قدر ادا کی جائے گی۔ البتہ، رکنیت کے ابتدائی سالوں میں نقد قدر کم ہونے کا نتیجہ ہو سکتی ہے۔ جزوی دستبرداری فنڈ میں 20,000 روپے موجود رہنے سے مشروط ہے۔ اگر صارف مکمل دستبرداری کا انتخاب کرتا ہے تو تمام یونٹس کو کیش ویلیو میں تبدیل کر دیا جائے گا اور پلان کو ختم کر دیا جائے گا۔

### افراطِ زر (انڈیکسیشن):

اس انتخاب کے تحت بغیر کسی میڈیکل ثبوت کے، ہر سال زرِ تکافل پچھلے سال کے اصل بنیادی پلان کے زرِ تکافل کا 5 فیصد، اطلاق کردہ فوائد میں مناسب اضافے کے ساتھ بڑھ جائے گا 55 سال کی عمر تک۔

### دعوٰی (کلیم):

کسی بھی ناگہانی کی صورت میں، آپ اپنے دعوٰے کلیم کی اطلاع حبیب میٹروپولیٹن بینک کی کسی بھی شاخ میں جا کر، ای ایف یو ہیڈ آفس آ کر یا ملک میں ای ایف یو کی کسی بھی شاخ میں جا کر دے سکتے ہیں۔ فوری عمل درآمد کے لئے آپ ہمارے کال سینٹر 021-111-338-436 پر رابطہ کر سکتے ہیں یا ہماری ویب سائٹ پر موجود اطلاع فارم بھریئے اور ہمیں cod@efuhemayahtakaful.com پر ای میل کر دیجئے۔ بعد ازاں، اگلے مراحل سے آگاہ کرنے کے لئے آپ سے رابطہ کیا جائے گا۔

### عمومی طور پوچھے جانے والے سوالات:

**قابل اطلاق عمر اور مدت کیا ہے؟**

شریک تکافل کی عمر 18 سے 65 کے درمیان ہونی چاہیے۔ البتہ، میچورٹی پر زیادہ سے زیادہ عمر 75 سال سے تجاوز نہ کرتی ہو۔ تکافل کی مدت 10 اور 25 سال کے درمیان کم زیادہ ہو سکتی ہے، جو کہ میچورٹی پر زیادہ سے زیادہ 75 سال کی عمر سے مشروط ہے۔

### کم از کم کنٹری بیوشن کی حدود کیا ہیں؟

شرکاء کے لئے کم از کم کنٹری بیوشن 20,000 روپے سالانہ ہے۔

### اخراجات (چارجز) کیا ہیں؟

وکالۃ الاستثمار کے اصول کی بنیاد پر، بنیادی تکافل پلان پر درج ذیل چارجز کا اطلاق ہوگا:

| چارجز | ریٹ/ پاکستان روپے میں |
|---|---|
| انتظامی اخراجات (ایڈمنسٹریشن چارج) | 135 روپے ماہانہ |
| بِڈ/آفر (بولی/پیشکش) سپریڈ | مختص شدہ بنیادی اور اضافی فنڈ کنٹری بیوشن 5 فیصد |
| سرمایہ کاری انتظامات اخراجات (انویسمنٹ منیجمنٹ چارج) | فنڈ قدر کا 0.125 فیصد ماہانہ |
| ایلوکیشن چارج | اوپر دئے گے ایلوکیشن ٹیبل کے مطابق |
| اضافی وکالۃ الاستثمار فیس چارج | دو سال کے مکمل کنٹر بیوشن ادا کر دیئے جانے سے پہلے دستبرداری کی صورت میں کل نقد قدر کے 50 فیصد کے مساوی اضافی وکالۃ الاستثمار فیس چارج کیا جائے گا۔ |

### تکافل ڈونیشن (وقف ڈونیشن):

شریک تکافل کی عمر اور سم ایٹ رسک کے حساب سے ایکچوریل کی طرف سے مقرر کردہ رقم جو کہ شریک تکافل فنڈ میں ہر سال جمع کی جائیگی۔ البتہ جب کیش ویلو سم کورڈ (ذرتحفظ) سے بڑھ جائے تو تکافل ڈونیشن کی مد میں کوئی رقم منہا نہیں کی جائے گی۔

### وقف فنڈ سے وکالہ خرچ:

تکافل عطیے کا 40 فیصد

### انتباہ:

- یہ پروڈکٹ ای ایف یو لائف۔ونڈو تکافل آپریشنز نے انڈر رائٹ کی ہے۔ یہ پروڈکٹ حبیب میٹروپولیٹن بینک یا اس کی ذیلی کمپنی کی نہیں ہے اور نہ حبیب میٹروپولیٹن بینک اس کا ضامن ہے۔ ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز ہی اس سے وابستہ تمام امور کا ذمہ دار ہوگا۔
- حبیب میٹروپولیٹن بینک اپنے گرانقدر صارفین کے لئے اس پروڈکٹ کے لئے محض ایک کارپوریٹ تکافل ایجنٹ/تقسیم کار کی حیثیت کام کر رہا ہے۔
- تکافل میمبرشپ سے متعلق تکافل کے تمام کلیمز، چارجز اور ادائیگیوں کے لئے ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز واحد اور انفرادی طور پر ذمہ دار ہوگا۔
- ضروری نہیں کہ فنڈ کی ماضی کی کارکردگی مستقبل کی کارکردگی کیلئے رہنمائی کا باعث ہو۔کسی قسم کا پیشگی اندازہ ضروری نہیں کہ مستقبل کی ترجمانی کرے یا فنڈز کی ممکنہ کارکردگی کو بیان کرے اور نہ ہی ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز اور نہ ہی حبیب میٹروپولیٹن بینک کسی بھی طرح ذمہ دار ہونگے۔
- ہمارا نمائندہ آپ کو فوائد کی ایک شخصی مثال فراہم کرے گا۔ برائے مہربانی اس مثال میں دئے گئے تمام شرائط وضوابط کو پڑھیں اور سمجھیں کیونکہ ان کی مکمل آگاہی انتہائی ضروری ہے۔
- سروس چارجز اور ٹیکسیز بینک کے ''شیڈول آف چارجز'' اور متعلقہ حکام سے مشروط ٹیکس قوانین کے مطابق ہونگے۔ فنڈ میں سرمایہ کاری کے خدشات بہرحال پالیسی کے حامل کو برداشت کرنے ہونگے۔
- معاہدہ کس طور پر کام کرتا ہے اس کی تفصیلات شریک تکافل رکنیت دستاویزات میں دی گئی ہیں۔ پروڈکٹ کا یہ کتابچہ صرف پروڈکٹ کی خصوصیات اور فوائد کا ایک عمومی جائزہ پیش کرتا ہے
- اگر آپ کو اپنی تکافل میمبرشپ سے متعلق کوئی شکایت ہو تو آپ ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز سے (0 21)-111-EFU-HEM (111-338-436) پر رابطہ کر سکتے ہیں۔


**EFU LIFE - WINDOW TAKAFUL OPERATIONS**
EFU Life House, Plot No.112, 8th East Street, Phase 1,
DHA, Karachi, Pakistan. Phone:+92-21-111-EFU-HEM (111-338-436)
Fax: +92-21-34535079 Email: csd@efuhemayahtakaful.com
Website: www.efuhemayahtakaful.com

اپنے بچوں کی تربیت اوران کے خوابوں کوحقیقت کا روپ دینا تمام والدین کی خواہش ہوتی ہے۔ ان کواچھی تعلیم اوران کی شادی کا خواب پورا کرنے کیلئے آپ اپنے تمام وسائل بروئے کار لاتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ مستقبل میں ہر چیلنج میں وہ سو فیصد کامیابی حاصل کریں۔ اپنے بچے کے مستقبل کے مالیاتی اہداف کو حاصل کرنے کے لئے آپ کو ایک بہترین مالی بچت کی ضرورت ہوگی۔ ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز پیش کرتا ہے ای ایف یو تکافل کامیاب مستقبل پلان جو منظّم طریقے سے آپ کے بچے کا مستقبل محفوظ بنائے۔

ای ایف یو تکافل کامیاب مستقبل ایک تکافل انویسٹمنٹ لنکڈ پروڈکٹ ہے جوکہ، ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے شریعہ مشیر جناب مفتی محمد ابراہم عیسیٰ سے منظور شدہ ہے جوکہ جامعہ دارالعلوم کراچی سے فارغ التحصیل ایک مستند عالم دین ہونے کے ساتھ ساتھ اسلامی مالیات اور تکافل کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔

## بڑھوتری اورنشو ونما کے مواقع:

تمام فنڈز کی رسک پروفائیلنگ ان میں کی جانے والی سرمایا کاری کے تحت کی گی ہے

**ای ایف یو تکافل گروتھ فنڈ:**

فنڈ کی قسم: متوازن
رسک پروفائل: درمیانی

یہ یونٹ سے منسلک ایک پارٹیسپنٹس انویسمنٹ فنڈ (پی آئی ایف) ہے جو شریعت کے مطابق سرمایہ کاریوں پر مشتمل ہے۔ فنڈ کا مقصد اسلامک میوچل فنڈز، منظور شدہ مالی ایکوٹیز، اسلامی بینکوں میں ٹرم ڈپازٹ اور صکوک بانڈز جیسی متنوّع اسکیمو بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کر کے حاصل شدہ سرمائے کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینا ہے۔

**ای ایف یو تکافل کنزرویٹو فنڈ*:**

فنڈ کی قسم: انکم فنڈ
رسک پروفائل: کم

ای ایف یو تکافل کنزرویٹو فنڈ سرمایہ کاری کی تخصیص کی ایک محتاط حکمت عملی رکھتا ہے اور اس میں کم خطرہ شامل ہوتا ہے۔ یہ شریعہ کمپلائنٹ حکومتی سیکورٹی، غیرا یکوٹی، شرعیہ کمپلائنٹ میوچل فنڈ، شریعہ کمپلائنٹ قلیل المدت ڈپازٹ اسلامی بینکوں میں یا مروجہ بینکوں کے اسلامک ونڈوز میں نقد پر مشتمل یونٹ سے منسلک، پارٹیسپنٹ انویسٹمنٹ فنڈ (پی آئی ایف) ہے۔

**ای ایف یو تکافل ایگریسو فنڈ:**

فنڈ کی قسم: ایگریسو
رسک پروفائل: زیادہ

یہ یونٹ سے منسلک پارٹیسپنٹس انویسمنٹ فنڈ (پی آئی ایف) ہے جو شریعت کے مطابق سرمایہ کاریوں پر مشتمل ہے۔ اس کا مقصد مارکیٹ کی متوقع تیزی کو مدنظر رکھتے ہوئے سرمائے کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینا ہے۔

متعدد فنڈز کی سہولت (ملٹی پل فنڈز آپشن): اس سہولت کے تحت، آپ پلان کے یونٹ سے منسلک دو فنڈز کے مرکب کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ فنڈ کو 10 فیصد کے ملٹی پل کے تحت منتخب کیا جاسکتا ہے۔ اسکا مطلب ہے کہ فنڈز کو 10/90، 20/80، 30/70، 40/60 یا 50/50 میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

***ای ایف یو کنزرویٹو فنڈ خودکار طور پر منتخب کیا جائے گا**

## پروڈکٹ کا اظہار:

**اس فیملی تکافل پروڈکٹ کی دو نمایاں خصوصیات یہ ہیں: تکافل کا تحفظ اور سرمایہ کاری۔ سرمایہ کاری منسلک ہے یونٹ لنکڈ فنڈ (فنڈز) لیں موجود اثاثہ جات کی کارکردگی سے**

## غوروفکر کا دورانیہ (فری لک پریڈ):


**اگر آپ میمبر شپ دستاویز کی وصولی کے چودہ دن کے اندر اپنی رکنیت منسوخ کرنے کا فیصلہ کرتے ہین تو ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشیز بطور فائدے کے طبی یا کلینکل معائنہ کے سلسلے میں پیش آنے والے اخراجات منہا کر کے کنٹریبیوشن کے مساوی رقم کی ادائیگی کا انتظام کرے گی**

## تکافل کیا ہے؟

تکافل ماہرین شریعت کی زیرنگرانی تیار کردہ باہمی تعاون کے اصولوں پر مبنی تحفظ اور سرمایہ کاری کا طریقہ کار ہے جو اسلامی اصولوں کے مطابق آپ کو اور آپکے پیاروں کو مستقبل میں آنے والی مالی پریشانیوں ہر مسائل سے تحفظ فراہم کرتا ہے۔ تکافل پروڈکٹس کے ذریعے باہمی تعاون اور بھائی چارگی کی بنیادوں پر تکافل پلان کے شرکاء کو غیر متوقع جانی اور مالی نقصانات کی صورت میں مالی تعاون فراہم کیا جاتا ہے۔

## تکافل ممبرشپ کیسے کام کرتی ہے؟

ای ایف یو لائف کا تکافل ماڈل وکالۃ وقف کے اصولوں پر مبنی ہے جس میں معاشرے کے کچھ افراد ایک اجتماعی مقصد کے لئے یکجا ہوتے ہیں اور تکافل آپریٹر کے زیر انتظام وقف فنڈ میں پیسے جمع کرتے ہیں تاکہ وہ خود کو مستقبل میں ہونے والے مالی نقصانات سے محفوظ کرسکیں۔ درج تصویری خاکہ اس چیز کا خلاصہ بیان کرتا ہے کہ آپ کی تکافل رکنیت ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے ساتھ کس طرح کام کرے گی:




## سرپلس شیئرنگ کیا ہے؟

یہ تکافل پلان شریک تکافل کو مالی خطرات کے تحفظ کے ساتھ ساتھ سرپلس کی تقسیم کی منفرد خصوصیت بھی پیش کرتا ہے شریک تکافل وقف فنڈ میں تبرع کی بنیاد پر زرِ تکافل دے کر وقف کی شرائط کے مطابق سرپلس کی تقسیم میں حصے دار بھی ہوسکتے ہیں۔ ہر سال کے آخر میں، ای ایف یو لائف اپنے شریعہ مشیر اور مقرر کردہ ایکچوری کی منظوری سے قابل تقسیم سرپلس کا تعین کرے گی۔

## سرپلس شیئرنگ کے فوائد کیا ہیں؟

اضافی سرمایے کا ایک حصہ پارٹیسپنٹس انویسمنٹ اکاونٹ (پی آئی اے) میں شامل کیا جاتا ہے۔ یہ اضافی یونٹس/ بونس آپ کے پلان کی نقد مالیت پر بہ حیثیت مجموعی مثبت اثر ڈالتے ہوئے، اس میں نمایاں اضافہ کرتے ہیں۔

## تبرع برائے وقف:

شریک تکافل کی عمر اور زر تحفظ کو مدِنظر رکھتے ہوئے زرِ تکافل سے کچھ رقم پارٹیسپنٹس تکافل فنڈ (پی ٹی ایف) میں منتقل کی جائے گی۔

## فوائد:

**ڈیتھ بینیفٹ۔ (کنٹینیوشن بینیفٹ):**

پلان کے اختتام سے قبل خدانہ خواستہ وفات کی صورت میں، آپ اس بات کو یقینی بنانا چاہیں گے کہ آپ کے بچے کا مستقبل محفوظ رہے۔ وفات کے باوجود جاری رہنے والا فائدہ (کنٹینیوشن بینیفٹ) اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ پالیسی کے اختتام سے پہلے کہ شریک تکافل کی وفات کی صورت میں مستقبل کے تمام زرِ تکافل ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے پی ٹی ایف سے ادا کئے جائیں گے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ نے اپنے بچوں کیلئے مستقبل کی مالی ضروریات کے لئے جو سرمایہ ہوچا ہے وہ موجود ہوگا۔

**میچورٹی بینیفٹ:**

پالیسی کی مدت کے اختتام پر جب کہ شریک تکافل ابھی حیات ہو قابل ادائیگی میچورٹی فائدہ ہوگا:

- شریک تکافل کے پارٹیسپنٹس انویسمنٹ اکاونٹ (پی آئی اے) کی بنیادی نقد مالیت
پلس
- شریک تکافل کے پارٹیسپنٹس انویسمنٹ اکاونٹ (پی آئی اے) میں اضافی اختیاری کنٹری بیوشن کی نقد مالیت

## ضمنی فوائد:

پلان کئی ضمنی فوائد بھی پیش کرتا ہے جو تکافل تحفظ بڑھانے کیلئے اس سے منسلک کئے گئے ہیں۔ ضمنی فوائد درج ذیل ہیں:

- **تکافل ایکسیڈنٹل ڈیتھ اینڈ ڈس ایبلیٹی پلس بینیفٹ:**
حادثاتی وفات یا معذوری کی صورت میں (جزوی یا مستقل) جو آپ کو مستقل طور پر معذور کردے، یہ اختیاری بینیفٹ ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔
- **تکافل انکم بینیفٹ:**
پلان کی مدت کے دوران شریک تکافل کی وفات کی صورت میں یہ فائدہ اس کے اہل خانہ کو سہ ماہی آمدنی فراہم کرتا ہے۔
- **پلگرمج بینیفٹ:**
پلان کی مدت کے دوران، اگر پارٹیسپنٹ مذہبی ارکان کی ادائیگی کے لئے سفر کرتا ہے، ای ایف یو لائف حج، عمرہ یا زیارت مذہبی سفر وغیرہ کے فرائض کی انجام دہی کے دوران حادثاتی وفات پر تحفظ فراہم کرتا ہے۔ اس حادثاتی فائدے کے تحت ملنے والا فائدہ اصل پلان کے سم کور کا 100 فیصد ہوگا، جو کہ زیادہ سے زیادہ 10 لاکھ روپے کی حد سے مشروط ہے۔ اس فیچر کا میچورٹی کی تاریخ سے یا مکمل دستبرداری کی تاریخ سے 13 مہینے کے اضافی دورانئے کے لئے اطلاق ہوگا۔
- **تکافل ریٹرن آف کنٹریبیوشن بینیفٹ:**
کنٹریبیوشن کی واپسی کا رائڈر ایک منفرد فائدہ ہے جو ای ایف یو لائف کے صارفین کو پیش کیا جارہا ہے۔ یہ رائڈر آپ کو ایک اضافی فائدہ فراہم کر کے آپ کے تحفظ کو بڑھاتا ہے۔ شریک تکافل کی ناگہانی وفات کی صورت میں، پارٹیسپنٹ کو نہ صرف وفات فائدہ حاصل ہوگا بلکہ کنٹریبیوشن کی واپسی کے رائڈر کے لئے ادا کئے گئے کنٹریبیوشن کو نکال کر ادا شدہ کنٹریبوشن کی کل رقم حاصل کر سکے گا۔
- **تکافل ویور آف کنٹریبیوشن:**
کسی بیماری یا حادثے کی صورت میں اگر شریک تکافل کی آمدنی کا ذریعہ نہ رہے تو پلان کا زر تکافل ای ایف یو لائف کے زیر انتظام چلنے والے وقف فنڈ/ پی ٹی ایف سے ادا کیا جائے گا۔

## کنٹری بیوشن کی ایلوکیشن:

شریک تکافل کے کنٹری بیوشن کی سالانہ مختص کی جانے والی فیصد ذیل میں دی گئی ٹیبل میں دکھائی گئی ہیں:

| ممبرشپ سال | یونٹ ایلوکیشن | ایلوکیشن کی چارجز* |
|---|---|---|
| 1 | 60فیصد | 40 فیصد |
| 2 | 80فیصد | 20 فیصد |
| 3 | 90فیصد | 10فیصد |
| 4 سے 5 | 100فیصد | 0 فیصد |
| 6سے 10 | 103فیصد | 0 فیصد |
| 11سے 25 | 105فیصد | 0 فیصد |

*اوپر درج ٹیبل کے مطابق ہر سال ادا کئے گئے کنٹریبیوشن/ زر تکافل میں سے تخصیص کی فیس منہاء کی جائے گی اور بقایا رقم اکاؤنٹ ویلیو کو مختص کی جائے گی